meriawaznews@gmail.com | ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت اور مؤثر روزنامہ

DAILY MERI AWAZ MULTAN

روزنامہ میری آواز

ملتان پاکستان

ایڈیٹر: قمر جہاں

چیف ایگزیکٹو: ملک بلال

0302-9356120

شمارہ نمبر 211	جمعرات 21 اگست 2025ء 26 صفر المظفر 1447ھ	جلد نمبر 05

اسسٹنٹ رجسٹرار وفاقی محتسب کا کوٹ ادو کا دورہ، 20 سے زائد کیسز نمٹا دیئے، 5 لاکھ سے زائد رقم کا ریلیف فراہم

وفاقی محتسب کا مقصد فوری اور بلا معاوضہ انصاف فراہم کرنا

محمود خان مہے

عوامی شکایات اور مسائل کے جلد حل کے لیے وفاقی محتسب کا ادارہ ہر ممکن اقدامات بروئے کار لا رہا ہے، خصوصی گفتگو

شہری سادہ کاغذ پر یا 1055 پر ایس ایم ایس یا واٹس ایپ، انسٹا گرام یا ای میل کے ذریعے شکایت درج کرا سکتے ہیں

ملتان (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ملتان کے اسسٹنٹ رجسٹرار/انوسٹیگیشن آفیسر محمود خان مہے نے کوٹ ادو کا دورہ کیا اور کمیٹی دفتر کے باہر کھلی کچہری میں مختلف وفاقی اداروں کے خلاف موصول ہونے والی شکایات کی سماعت کی، اس موقع پر شہریوں نے مختلف وفاقی اداروں کے خلاف شکایات جمع کروائیں، اس موقع پر محمود خان مہے نے وفاقی محتسب کے ادارے کی افادیت و اہمیت کے موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاق کے زیر انتظام سرکاری محکموں بارے عوامی شکایات اور مسائل کے جلد حل کے لیے وفاقی محتسب کا ادارہ ہر ممکن اقدامات بروئے کار لا رہا ہے۔ جہاں کسی وکیل کے بغیر بلا تاخیر، بلا تفریق، بلا تعطل سائلین کے مسائل حل کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب عوامی شکایات کے حل کیلئے سب سے آگے ہے، جہاں شہری کسی بھی وفاقی محکمے کے خلاف سادہ کاغذ پر درخواست یا 1055 پر ایس ایم ایس یا واٹس ایپ، انسٹا گرام یا ای میل کے ذریعے اپنی شکایت درج کرا سکتے ہیں۔ شکایت کنندہ کو درخواست کی سماعت کے حوالے سے ایس ایم ایس بھیجا جاتا ہے اور 60 دن کے اندر شکایت کو حل کر دیا جاتا ہے۔ اسسٹنٹ رجسٹرار وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود خان مہے نے اس موقع پر متعدد وفاقی اداروں جن میں میپکو، سوئی گیس اور پی ٹی سی ایل اور دیگر محکموں سے متعلقہ 50 سے زائد شکایات کی سماعت کی اور ان کی جلد حل کے لیے موقع پر ہی احکامات صادر کیے۔

وفاقی محتسب ملتان کے اسسٹنٹ رجسٹرار/انوسٹیگیشن آفیسر محمود خان مہے کوٹ ادو میں عوامی شکایات کی سماعت کر رہے ہیں